سوال

(552)قربانی کی کھالوں سے مسجد میں اسلامی لائبریری کا قیام

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم ہر سال قربانی کی کھالوں سے لائبریری کی توسیع کرتے ہیں۔ تو بعض بھائی اعتراض کرتے ہیں کہ قربانی کی کھالیں، صرف خوراک فنڈ غرباء مساکین کی اعانت کے لیے ہی استعمال ہوسکتی ہیں جب کہ یہ لائبریری شرک وبدعت کے مضبوط ترین گڑھ میں واقع ہے۔ جہاں پر کتاب وسنت اور مسلک حق کی ترویج کے لیے مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ان حالات کو مدنظر رکھ کر مندرجہ بالا سوالات کے جوابات سے نوازیں۔ (سائل عبدالقیوم) (۴دسمبر۱۹۹۸ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قربانی کی کھالیں چونکہ غرباء ومساکین کا حق ہے جب کہ لائبریری سے بلاامتیاز سبھی لوگ فیض یاب ہوتے ہیں۔ لہٰذا اس پر قربانی کی کھالیں صرف نہیں ہونی چاہئیں۔ حصولِ زر کے لیے دیگر مباح ذرائع اختیار کیے جائیں تاکہ شکوک وشبہات سے بالاتر ہوکر صحیح نہج پر دینی خدمت سرانجام دی جاسکے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الصوم:صفحہ:423

محدث فتویٰ